صُومُوا لِرُؤْيَتِهٖ وَأَفْطِرُوا لِرُؤْيَتِهٖ

پاکستان میں چاند نظر آنے (یعنی امکانِ رؤیت)

کی بنیاد پر تیار کردہ 20 سالہ

قمری کیلنڈر

(2038-2019)

یہ کیلنڈر صرف معلومات کے لیے ہے، ثبوتِ رؤیت کے لیے قضائے شرعی کا مدار رؤیتِ عینی پر ہی ہوگا۔

جاری کردہ

ادارہ عرفان التوقیت کراچی

+92 332 3531226

fb.com/ilmetauqeet

E-mail: ilmetauqeet@gmail.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رویت علمی نہیں بلکہ رویت بصری

حدیث شریف میں ہے:

''صُومُوا لِرُؤْيَتِهٖ وَأَفْطِرُوا لِرُؤْيَتِهٖ فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُم فَأَكْمِلُوا عِدَّةَ شَعْبَانَ ثَلَاثِينَ''

ترجمہ: ''یعنی چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور چاند دیکھ کر افطار کرو اور اگر آپ کے سامنے آڑ ہو جائے تو پھر شعبان کے تیس دن پورے کرو (مشکوٰۃ المصابیح:1970)''

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دور میں علم فلکیات وموسمیات میں انسان کے پاس وہ علم، تجربہ، مشاہدہ اور آلات نہیں تھے جو آج دستیاب ہیں، لہٰذا یہ ادعا بالکل باطل ہے کہ حدیث شریف میں ''رویت'' علم کے معنیٰ میں ہے، جبکہ آج کل کے حالات میں چاند کے علم میں ''غُمّ'' ممکن نہیں۔ کیونکہ اب چاند کا ایک سیکنڈ کی غلطی کے بغیر ٹھیک ٹھیک (Accurate) حساب مرتب ہو چکا ہے، لیکن ہم جدید علوم، تجربے، مشاہدے اور آلات کی مدد سے منشائے کتاب وسنّت کو صحت کے اعلیٰ معیار پر حاصل کرنے کی کوشش تو کر سکتے ہیں، لیکن اسے باطل کرنے کی جسارت کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔ لہٰذا یہ قطعی طور پر طے ہے کہ رویت سے مراد ''رویت علمی'' نہیں'' بلکہ ''رویت بصری'' ہے، کیونکہ اصول فقہ کا مسلمہ قاعدہ ہے کہ جب تک کسی لفظ کے معنیٰ حقیقی متروک یا متعذر نہ ہوں، تو حقیقت پر ہی عمل ہوگا اور الحمد للہ! حدیث مبارک: ''صُومُوا لِرُؤْيَتِهٖ وَأَفْطِرُوا لِرُؤْيَتِهٖ'' میں رویت کا حقیقی معنیٰ قرنِ اوّل سے آج تک معمول بہ

بھی ہے، قابل عمل بھی ہے اوراس پر عمل کرنے میں کوئی تعذر بھی نہیں، لہٰذا معنیٰ حقیقی سے عدول کا قطعاً کوئی جواز نہیں ہے۔اس لئے ثبوت رویت کے لئے قضائے شرعی کا مدار رویت عینی پر ہی ہوگا۔

(کتاب ''رویتِ ہلال'' مصنف مفتی منیب الرحمٰن، صفحہ 15)

رویتِ ہلال اور ماہرین فلکیات کی رائے

۔۔۔۔۔۔ ہمیں ''رویتِ ہلال'' کے مسئلے پر بھی ماہرین موسمیات وفلکیات کے علم سے ضرور استفادہ کرنا چاہیے، لیکن اس کی حدود کیا ہوں، یہ آئندہ سطور میں ملاحظہ فرمائیے گا، پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے یہ صریح ارشادات ملاحظہ کیجیے:

(۱) ''لَا تَصُومُوا حَتَّى تَرَوُا الْهِلَالَ وَلَا تُفْطِرُوا حَتَّى تَرَوْهُ''۔

ترجمہ: ''جب تک چاند نہ دیکھ لو، روزہ نہ رکھو (یعنی آغازِ رمضان نہ کرو) اور (شوال کا) چاند دیکھے بغیر روزۂ (رمضان) نہ چھوڑو، (مشکوٰۃ:1969)''۔

(۲) ''لَا تَصُومُوا حَتَّى تَرَوُا الْهِلَالَ وَلَا تُفْطِرُوا حَتَّى تَرَوْهُ فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدِرُوا لَهُ''۔

ترجمہ: اور (رمضان کا) چاند دیکھے بغیر روزہ (رمضان) شروع نہ کرو اور (شوال کا) چاند دیکھے بغیر (رمضان کا) روزہ نہ چھوڑو، اگر مطلع ابر آلود ہو (اور چاند نظر نہ آئے) تو تیس کا مہینہ پورا کرو، (مشکوٰۃ:1969)

(۳) ''صُومُوا لِرُؤْيَتِهِ وَأَفْطِرُوا لِرُؤْيَتِهِ فَإِنْ غم عَلَيْكُم فَأَكْمِلُوا عِدَّةَ شَعْبَانَ ثَلَاثِينَ''۔

ترجمہ: (رمضان کا چاند) دیکھ کر روزۂ (رمضان) شروع کرو اور (شوال کا) چاند دیکھ کر اختتامِ رمضان کرو، اگر تم پر مطلع ابر آلود ہو جائے تو شعبان کے تیس دن پورے کرو، (مشکوٰۃ المصابیح:1970)

یہ احادیثِ مبارکہ رویتِ ہلال کے بارے میں ''تشریعی نصوص'' ہیں اور ہم شرعاً ان پر عمل

کے مکلّف ہیں، لہٰذا ہر قمری مہینے کا آغاز ''رویتِ ہلال'' پر ہی مبنی ہوگا، محض ماہرینِ فلکیات کی رائے پر فیصلہ نہیں ہوگا، تاہم ''شہادتِ رویت'' کے ردّ وقبول میں ان کی رائے سے استفادہ کیا جائے گا، کیونکہ علی الاطلاق کوئی بھی شہادت حجت لازمہ وملزمہ نہیں ہوتی۔

چاند تو مدار میں ہر وقت موجود ہے، لیکن قمری ماہ کی 29 تاریخ کو اگلے ماہ کا چاند نظر آنے یا نہ آنے کے حوالے سے ماہرین فلکیات کے معیارات امکانِ رویت کے اعتبار سے متعین ہیں، قمری مہینے کی 29 تاریخ کو چاند کا ظہور ونمود اگر ہے تو اسے اصطلاحاً پیدائش (Birth) سے تعبیر کرتے ہیں، کیونکہ چاند ویسے تو مدار میں ہمیشہ موجود رہتا ہے، معدوم کبھی نہیں ہوتا، لیکن زیرِ بحث مسئلہ اس کے مطلع پر ظہور ونمود سے متعلق ہے، لیکن بعض اوقات Birth Of Moon کے باوجود امکانِ رویت (Visibility) نہیں ہوتا، اس کے لیے چاند کی عمر، درجہ، غروبِ آفتاب کے بعد اس کی بالائے افق مدت، زوایہ وغیرہ، کئی Parameters ہیں۔ ان کی روشنی میں کبھی ''امکانِ رویت'' بالکل نہیں ہوتا، کبھی بالکل نمایاں اور واضح ہوتا ہے اور کبھی خفیف سا ہوتا ہے کہ نظر آ بھی سکتا ہے اور نہیں بھی۔

میں بحیثیت چیرمین مرکزی رویتِ ہلال کمیٹی پاکستان اور ہمارے اراکین جب امکانِ رویت بالکل نہ ہو اور شہادت آجائے تو اسے دقتِ نظر سے پرکھتے ہیں اور بالآخر وہ خود ہی رجوع کر لیتا ہے، جب امکانِ رویت خفیف یا خفیف ترین ہو تو بھی احتیاط سے کام لیتے ہیں اور الحمد للہ گزشتہ دو سالوں سے پاکستان میں یہ مسئلہ متفقہ طور پر حل ہو رہا ہے اور عیدین یا اعیادِ متعددہ کی روایت دم توڑ رہی ہے، بس اس میں تھوڑی سی استقامت اور عزیمت کی ضرورت ہے۔ یہاں میں یہ بھی عرض کر دوں کہ میں گزشتہ پچیس سال سے کسی نہ کسی حیثیت سے ''رویت ہلال'' کے نظام سے متعلق رہا ہوں، ہمیں محکمۂ موسمیات سپارکو اور بعض اوقات نیوی کے ماہرین کی خدمات میسر ہوتی ہیں، لیکن آج تک ایک بار بھی ایسا نہیں ہوا کہ باہر کھلی آنکھ (Naked Eye) سے چاند نظر نہ آیا ہو اور صرف دوربین سے نظر آیا ہو،

چاند جب مطلع پر قابل دید (Visible) ہوتا ہے تو دوربین سے بھی نظر آتا ہے اور کھلی آنکھ سے بھی نظر آتا ہے۔

(کتاب ''رویتِ ہلال'' مصنف مفتی منیب الرحمٰن، صفحہ 11)

نیومون اور بصری نیا چاند (ہلال)

اگر ہم چاند کے بڑھنے گھٹنے کے عمل پر غور کریں تو ہم محسوس کرتے ہیں کہ قمری ماہ کے پہلے دو ہفتے یہ ہمیں روز بڑھتا ہوا دکھائی دیتا ہے، یہاں تک کہ ایک موقع پر یہ دائرے کی صورت میں مکمل ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد اگلے دو ہفتے اس کی جسامت ہر روز کم ہوتی نظر آتی ہے اور ایک وقت ایسا بھی آتا ہے کہ اس کا وجود بالکل غائب ہو جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی چاند بڑھنے کا عمل نئے سرے سے شروع ہوتا ہے۔ عین اس وقت کو قران شمس وقمر (Conjunction) یا اتصال شمس وقمر یا اماوس کہتے ہیں۔ یہ وہ وقت ہوتا ہے جب سورج اور چاند ایک مستوی (Plane) میں صفر درجہ پر ہوتے ہیں۔ علمِ فلکیات میں یہی اُس کے ''نیا چاند'' کہلانے کا وقت ہے اور رصد گاہی کتب میں نئے چاند کے اوقات اسی کیفیت کی ترجمانی کرتے ہیں۔ اسے نئے چاند کی پیدائش بھی کہتے ہیں اور چاند کی طبعی عمر اسی وقت سے شمار کی جاتی ہے۔

فلکیاتی اصطلاح کا نیا چاند اپنے ابتدائی دور میں بال سے زیادہ باریک، سورج سے بہت قریب اور اس کی طاقت ور شعاعوں کی براہ راست زد میں ہوتا ہے۔ لہٰذا انسانی آنکھیں یا غیر معمولی قوت کی دُوربینیں بھی اسے دیکھنے کے قابل نہیں ہوتیں۔ جوں جوں چاند کی عمر زیادہ ہوتی جاتی ہے اس کی جسامت بڑھتی جاتی ہے اور ساتھ ہی ساتھ وہ سورج سے دور ہٹتے ہوئے اس کی شعاعوں کی طاقت سے بھی ایک حد تک محفوظ ہوتا جاتا ہے۔ بالآخر ایک وقت اس کا وجود اس قدر ہو جاتا ہے کہ سورج سے

ایک خاص فاصلے پر غروب آفتاب کے بعد انسانی آنکھوں کو پہلی بار نظر آنے کے قابل ہوتا ہے۔ یہ بصری نیا چاند ہے جو دوسرے الفاظ میں رویت ہلال کے معروف نام سے موسوم ہے۔
(کتاب ''رویتِ ہلال'' مصنف مفتی منیب الرحمٰن، صفحہ 62)

نئے چاند کا چھوٹا بڑا ہونا

نئی قمری تاریخ کے تعیّن کا مدار شرعاً اور سائنسی طور پر ہلال کے چھوٹا بڑا ہونے یا غروب آفتاب کے بعد مطلع پر اس کے موجود ہونے کی مقدار وقت سے نہیں ہوتا، جیسا کہ ہمارے ہاں بعض اوقات اہلِ علم بھی کہہ دیتے ہیں کہ چاند کافی بڑا ہے اور کافی دیر تک مطلع پر موجود رہا، لگتا ہے کہ ایک دن پہلے کا ہے۔ یہ سوچ اور طرزِ فکر غیر شرعی اور غیر سائنسی ہے۔

حدیث پاک میں ہے: ترجمہ: ''ابوالبختری بیان کرتے ہیں کہ ہم عمرے کے لیے گئے، جب ہم وادیِ نخلہ میں پہنچے تو ہم نے چاند دیکھنا شروع کیا، بعض لوگوں نے کہا: ''یہ تیسری تاریخ کا چاند لگتا ہے'' اور بعض نے کہا: ''یہ دوسری تاریخ کا چاند لگتا ہے''۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر ہماری ملاقات حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہوئی، تو ہم نے (قیاس کی بنیاد پر اختلاف کی) یہ صورتِ حال ان سے بیان کی، تو انہوں نے فرمایا: ''تم نے چاند کس رات کو دیکھا تھا''؟، ہم نے کہا: ''فلاں رات کو''، انہوں نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے تمہارے دیکھنے کے لیے اسے بڑھا دیا، درحقیقت یہ اسی رات کا چاند ہے، جس رات کو تم نے اسے دیکھا ہے (صحیح مسلم، رقم الحدیث:1088)''۔

یہ حدیث اس مسئلے میں شریعت کی اصل ہے کہ نئے چاند کا مدار رویت پر ہے، اس امر پر نہیں ہے کہ اس کا سائز چھوٹا ہے یا بڑا یا مطلع پر اس کے نظر آنے کا دورانیہ کم ہے یا زیادہ۔ اس لیے کسی عالم یا

تعلیم یافتہ شخص کا نیا چاند دیکھ کر یہ کہنا کہ یہ دو یا تین تاریخ کا لگتا ہے، یہ غیر شرعی اور غیر عالمانہ ہے۔ اسی طرح سائنسی حقیقت بھی یہی ہے، مثلاً کسی قمری مہینے کے 29 تاریخ گزرنے کے بعد شام کو نئے چاند کا غروبِ آفتاب کے فوراً بعد مطلع پر ظہور تو ہے مگر اس کا درجہ چار یا پانچ ہے، اس کی عمر 18 گھنٹے ہے اور مطلع پر اس کا ظہور پندرہ بیس منٹ ہے۔ تو اس صورت میں چاند مطلع پر تو موجود ہے لیکن اس کی رویت کا قطعاً کوئی امکان نہیں ہے، لہٰذا یہ قمری مہینہ 30 دن کا قرار پائے گا۔ اب اگلی شام کو اس چاند کی عمر 42 گھنٹے ہو جائے گی، مطلع پر اس کا درجہ 12 یا اس سے اوپر ہو جائے گا اور مطلع پر اس کا استقرار بھی نسبتاً زیادہ وقت کے لئے ہوگا، مثلاً پچاس منٹ اور اس کا حجم (Size) بھی بڑا ہوگا، لیکن یہ قطعیّت کے ساتھ چاند کی پہلی تاریخ ہوگی۔ لہٰذا میری اہلِ علم اور اہلِ وطن سے اپیل ہے کہ توہّمات کے حصار سے نکلیں اور حقیقت پسند بنیں۔

(کتاب ''رویتِ ہلال'' مصنف مفتی منیب الرحمٰن، صفحہ 29)

مستقل قمری کیلنڈر کا مسئلہ

آج کل بعض جدّت پسند اہلِ علم یہ کہتے ہیں کہ رویت، علم کے معنیٰ میں ہے اور چونکہ موجودہ دور میں سائنسی اور فنی ذرائع علم سے چاند کی رویت کا ظنِ غالب ہو جاتا ہے، تو اس پر اعتماد کر کے مستقل اسلامی کیلنڈر بنا لیا جائے۔

ہم کہتے ہیں کہ ''رویت'' کا حقیقی معنی آنکھ سے دیکھنا ہے اور اسے علم کے معنی میں لینا مجاز ہے۔ اور اصولِ فقہ کا مسلمہ قاعدہ ہے کہ جب تک کسی لفظ کا حقیقی معنی لینا دشوار نہ ہو تو اسے مجاز پر محمول نہیں کریں گے۔ ہمارے نظامِ رویت کا مدار بنیادی طور پر رویتِ بصری پر ہے۔ لیکن اگر سائنسی اور فنی ذرائع سے ہمیں کسی چیز کا علمِ قطعی یا ظنِ غالب ہو جائے، تو شرعاً اس سے استفادہ کرنے میں حرج نہیں

ہے بلکہ کرنا چاہیے اور ہم بہت سے دینی معاملات میں ان سے استفادہ کرتے ہیں۔ ہم دینی مسائل کو شرعی اصولوں ہی کے مطابق حل کرتے ہیں، لیکن ان اصولوں کا اطلاق کرنے میں قطعی سائنسی معلومات پر مدار رکھ سکتے ہیں، مثلاً ہمارے قدیم فقہا کا خیال تھا کہ کان میں ایک راستہ یا نالی ہے جو معدے کی جانب جاتی ہے، لہٰذا انہوں نے یہ مسئلہ وضع کیا کہ کان میں دوا یا تیل ٹپکانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔ مگر اب چونکہ علمِ تشریح الاعضا (Anotomy) نے بہت ترقی کر لی ہے اور ہمیں قطعیت کے ساتھ معلوم ہو گیا ہے کہ کان میں کسی مائع (Liquid) چیز کے جانے کا کوئی منفذ (Rout) نہیں ہے، لہٰذا اب عصرِ حاضر کے فقہاء نے اس مسئلے کو تبدیل کیا اور قرار دیا کہ کان میں دوا یا تیل ٹپکانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، اگرچہ بعض قدامت پسند علماء ابھی تک سابق تحقیق پر قائم ہیں اور یہ ہوتا رہتا ہے، جیسے لاؤڈ اسپیکر پر نماز پڑھانے کے جواز کے مسئلے کو علماء کے درمیان قبولِ عام ملنے میں کافی وقت صرف ہوا اور اب غالب ترین اکثریت اسے تسلیم کر چکی ہے۔ اسی طرح قرائنِ عقلیہ، جو قطعی ہوں یا ظنِّ غالب کے درجے میں ہوں، ان سے بھی قضا کے معاملات میں استفادہ کیا جاتا ہے اور فقہ میں اس کے شواہد (Evidences) بکثرت موجود ہیں۔ ہمارے ہاں چند منحرفین کو موجودہ نظام کا پابند بنانے میں حکومت ناکام ہے، تو محض سائنٹفک نظام کا پابند انہیں کون سی اتھارٹی بنائے گی؟۔

(کتاب "رویتِ ہلال"، مصنف مفتی منیب الرحمٰن، صفحہ 28)

پاکستان میں مستقل سائنسی کیلنڈر کیسے نافذ کیا جائے گا؟

ہم اس وقت مسئلۂ رویت میں دو انتہاؤں کے درمیان معلّق ہیں، ایک یہ ہے کہ جدید سائنسی معلومات مطلقاً قابلِ قبول نہیں، خواہ ماہرین فلکیات یہ کہیں کہ چاند کی ولادت بھی نہیں ہوئی، جب رویت کی شہادت آ گئی ہے تو ہمارے لئے یہ شرعی حجت کافی ہے۔ دوسری طرف جدّت پسند طبقے کا خیال یہ ہے کہ ملک میں شرعی نظامِ رویت کی کوئی ضرورت نہیں، بس ماہرینِ فلکیات مستقل کیلنڈر بنا کر دے دیں اور اُس کے مطابق رمضان کا آغاز ہو اور عید منائی جائے۔ سب کو پہلے سے معلوم ہوگا کہ

رمضان کب شروع ہو رہا ہے اور عید کب ہوگی۔ لیکن اس حقیقت سے قطع نظر کہ شریعت کی رو سے مدار رویتِ بصری پر ہے۔ مستقل قمری کیلنڈر کا مشورہ دینے والے بھول جاتے ہیں کہ پاکستان میں مستقل سائنسی کیلنڈر کیسے نافذ کیا جائے گا؟، کس کس سے منوایا جائے گا اور کیسے منوایا جائے گا؟، جب کہ ہر مسجد کا خطیب اور ہر ادارے کا مفتی اپنی ذاتی حیثیت میں مفتیٔ اعظم پاکستان ہے اور اسے ملک کی قائم کردہ مجلس قضا کو رد کرنے اور اس کے متوازی فیصلہ کرنے کا مکمل استحقاق ہے، اس کی نظر میں ماہرین فلکیات کی کیلنڈر کی وُقعت ایک پرِ کاہ کے برابر بھی نہیں ہے۔ مرکزی رویتِ ہلال کمیٹی پاکستان میں شامل علماء کو پھر بھی ایک حد تک احترام اور مقام حاصل ہے، بعض کی بحیثیتِ مجموعی (باستثنائے چند) تمام حلقوں میں تکریم ہے اور دیگر کا اپنے اپنے مکتبۂ فکر میں ایک مسلّمہ مقام اور مستند حیثیت ہے۔
(کتاب ''رویتِ ہلال'' مصنف مفتی منیب الرحمٰن، صفحہ 19)

حج باطل قرار پائیں گے!

میں اپیل کرتا ہوں کہ کسی صاحبِ علم کے پاس کوئی ایسا فارمولا ہو تو سامنے لائے، جس سے تمام سائنسی حقائق و معلومات کو یکسر رد کر کے محض شہادت کو حجت مان کر رویت کا فیصلہ کرنے والے صوبۂ سرحد کے بعض علماء اور ماہرینِ فلکیات بیک وقت مطمئن ہو جائیں اور کسی طرف سے اختلاف و عدمِ اطمینان کی کوئی آواز بلند نہ ہو، جب کہ ان کا دعویٰ ہوتا ہے کہ ہم حلفیہ گواہی لیتے ہیں اور تمام گواہ متشرِّع بھی ہوتے ہیں۔ باہر بیٹھ کر تبصرہ کرنے والا تبصرہ نگار (Commentator) ہمیشہ کھلاڑی سے ماہر ہوتا ہے، اس کی غلطیوں اور کمزوریوں کی نشاندہی کرتا ہے، خواہ اس نے خود زندگی میں میدان میں اتر کر کوئی کارنامہ انجام نہ دیا ہو۔

شریعت نے قضا میں خطا کے احتمال کو کبھی رد نہیں کیا، ورنہ قاضی کو بھی نبی کی طرح معصوم ماننا

پڑے گا،لیکن شریعت نے قضا کو بہر صورت مؤثر مانا ہے اور جدید فلسفۂ قانون بھی یہی ہے۔ ورنہ جب ماہرین کے نزدیک سعودی عرب کا فیصلہ رویتِ حقیقی اور صریح امکان رویت کے کسی بھی معیار پر پورا نہیں اترتا، تو اس کے تحت ادا کیے جانے والے امّت کے تمام حج باطل قرار پائیں گے۔(فَاعْتَبِرُوْا یَا اُولِی الْاَبْصَار)

(کتاب ''رویتِ ہلال'' مصنف مفتی منیب الرحمٰن، صفحہ 20)

شریعت نے ہمیں پیش گوئی کا نہیں، بلکہ حقیقی رؤیت کا حکم دیا ہے

ماہرِ فلکیات ڈاکٹر شاہد قریشی لکھتے ہیں: ''عام طور پر دنیا میں نئے چاند کی رویت یا امکانِ رویت کے حوالے سے قمری ماہ کی 29 تاریخ کو تین ریجن ہوتے ہیں: ریجن اے: جس میں ہلال کی واضح رؤیت کا امکان ہوتا ہے، ریجن سی: جس میں ہلال کی رؤیت کا کوئی امکان نہیں ہوتا، ریجن بی: جہاں صورتِ حال غیر یقینی ہوتی ہے، ریجن بی میں رؤیت اور عدمِ رؤیت دونوں کے امکانات ہوتے ہیں۔ اگر حقیقی رؤیت کے امکان پر مبنی کوئی مستقل کیلنڈر بنایا جاتا ہے اور ہمارا ملک ریجن بی میں آتا ہو تو اُس صورت میں یہ کیلنڈر قطعی ناکام ہوگا۔ لیکن اگر حقیقی رؤیت کے امکان پر مبنی کیلنڈر نہیں بنایا جاتا، تو یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے احکام کے بالکل منافی ہے۔ شعبہ فلکیات آپ کو صرف یہ بتا سکتا ہے کہ قمری ماہ کی 29 تاریخ کو ہمارا ملک کون سے ریجن میں آتا ہے: اے یا بی یا سی۔ لیکن اگر ملک ریجن بی میں ہے، تو نہ ماہرِ فلکیات اور نہ ماہرِ موسمیات۔۔۔ کوئی قطعی پیش گوئی کرسکتا ہے کہ کسی ملک میں ہلال یقینی طور پر نظر آئے گا۔ لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے علمِ وحی اور دانشِ نبوت پر اعتماد کرنا چاہیے، شریعت نے ہمیں پیش گوئی کا نہیں، بلکہ حقیقی رؤیت کا حکم دیا ہے۔ اتوار 29 شعبان المعظم 1440 ہجری کو ہمارا خطہ ریجن سی میں تھا، یعنی رؤیت کا امکان ہی نہیں تھا''۔

(از مفتی منیب الرحمٰن، روزنامہ جنگ 12-05-2019)

2019

+92 332 3531226 fb.com/ilmetauqeet

متوقع آغاز اسلامی ماہ	عیسوی تاریخ / دن		مہینے کے متوقع ایام
یکم جمادی الاول 1440ھ	8-Jan	منگل	30 دن
یکم جمادی الثانی 1440ھ	7-Feb	جمعرات	30 دن
یکم رجب المرجب 1440ھ	9-Mar	ہفتہ	29 دن
یکم شعبان المعظم 1440ھ	7-Apr	اتوار	30 دن
یکم رمضان المبارک 1440ھ	7-May	منگل	29 دن
یکم شوال المکرم 1440ھ	5-Jun	بدھ	30 دن
یکم ذوالقعدہ 1440ھ	5-Jul	جمعہ	29 دن
یکم ذوالحجہ 1440ھ	3-Aug	ہفتہ	29 دن
یکم محرم الحرام 1441ھ	1-Sep	اتوار	30 دن
یکم صفر المظفر 1441ھ	1-Oct	منگل	29 دن
یکم ربیع الاول 1441ھ	30-Oct	بدھ	30 دن
یکم ربیع الثانی 1441ھ	29-Nov	جمعہ	29 دن
یکم جمادی الاول 1441ھ	28-Dec	ہفتہ	30 دن

نوٹ: حتمی فیصلہ مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان کا ہی ہوگا۔

2020

+92 332 3531226 fb.com/ilmetauqeet

متوقع آغاز اسلامی ماہ	عیسوی تاریخ / دن		مہینے کے متوقع ایام
یکم جمادی الثانی 1441ھ	27-Jan	پیر	30 دن
یکم رجب المرجب 1441ھ	26-Feb	بدھ	29 دن
یکم شعبان المعظم 1441ھ	26-Mar	جمعرات	30 دن
یکم رمضان المبارک 1441ھ	25-Apr	ہفتہ	30 دن
یکم شوال المکرم 1441ھ	25-May	پیر	29 دن
یکم ذوالقعدہ 1441ھ	23-Jun	منگل	30 دن
یکم ذوالحجہ 1441ھ	23-Jul	جمعرات	29 دن
یکم محرم الحرام 1442ھ	21-Aug	جمعہ	29 دن
یکم صفر المظفر 1442ھ	19-Sep	ہفتہ	30 دن
یکم ربیع الاول 1442ھ	19-Oct	پیر	29 دن
یکم ربیع الثانی 1442ھ	17-Nov	منگل	30 دن
یکم جمادی الاول 1442ھ	17-Dec	جمعرات	29 دن

نوٹ: حتمی فیصلہ مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان کا ہی ہوگا۔

2021

+92 332 3531226 fb.com/ilmetauqeet

متوقع آغاز اسلامی ماہ	عیسوی تاریخ / دن		مہینے کے متوقع ایام
یکم جمادی الثانی 1442ھ	15-Jan	جمعہ	30 دن
یکم رجب المرجب 1442ھ	14-Feb	اتوار	29 دن
یکم شعبان المعظم 1442ھ	15-Mar	پیر	30 دن
یکم رمضان المبارک 1442ھ	14-Apr	بدھ	30 دن
یکم شوال المکرم 1442ھ	14-May	جمعہ	29 دن
یکم ذوالقعدہ 1442ھ	12-Jun	ہفتہ	30 دن
یکم ذوالحجہ 1442ھ	12-Jul	پیر	29 دن
یکم محرم الحرام 1443ھ	10-Aug	منگل	30 دن
یکم صفر المظفر 1443ھ	09-Sep	جمعرات	29 دن
یکم ربیع الاول 1443ھ	08-Oct	جمعہ☆	30 دن
یکم ربیع الثانی 1443ھ	07-Nov	اتوار	29 دن
یکم جمادی الاول 1443ھ	06-Dec	پیر	30 دن

نوٹ: حتمی فیصلہ مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان کا ہی ہوگا۔

2022

+92 332 3531226 fb.com/ilmetauqeet

متوقع آغاز اسلامی ماہ	عیسوی تاریخ / دن		مہینے کے متوقع ایام
یکم جمادی الثانی 1443ھ	05-Jan	بدھ	29دن
یکم رجب المرجب 1443ھ	03-Feb	جمعرات	30دن
یکم شعبان المعظم 1443ھ	05-Mar	ہفتہ	29دن
یکم رمضان المبارک 1443ھ	03-Apr	اتوار	30دن
یکم شوال المکرم 1443ھ	03-May	منگل	29دن
یکم ذوالقعدہ 1443ھ	01-Jun	بدھ	30دن
یکم ذوالحجہ 1443ھ	01-Jul	جمعہ	30دن
یکم محرم الحرام 1444ھ	31-Jul	اتوار	29دن
یکم صفرالمظفر 1444ھ	29-Aug	پیر	30دن
یکم ربیع الاول 1444ھ	28-Sep	بدھ	30دن
یکم ربیع الثانی 1444ھ	28-Oct	جمعہ	29دن
یکم جمادی الاول 1444ھ	26-Nov	ہفتہ	29دن
یکم جمادی الثانی 1444ھ	25-Dec	اتوار	30دن

نوٹ: حتمی فیصلہ مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان کا ہی ہوگا۔

2023

+92 332 3531226   fb.com/ilmetauqeet

متوقع آغاز اسلامی ماہ	عیسوی تاریخ / دن		مہینے کے متوقع ایام
یکم رجب المرجب 1444ھ	24-Jan	منگل	29 دن
یکم شعبان المعظم 1444ھ	22-Feb	بدھ	30 دن
یکم رمضان المبارک 1444ھ	24-Mar	جمعہ	29 دن
یکم شوال المکرم 1444ھ	22-Apr	ہفتہ	30 دن
یکم ذوالقعدہ 1444ھ	22-May	پیر☆	29 دن
یکم ذوالحجہ 1444ھ	20-Jun	منگل	30 دن
یکم محرم الحرام 1445ھ	20-Jul	جمعرات	30 دن
یکم صفر المظفر 1445ھ	19-Aug	ہفتہ☆	29 دن
یکم ربیع الاول 1445ھ	17-Sep	اتوار	30 دن
یکم ربیع الثانی 1445ھ	17-Oct	منگل	30 دن
یکم جمادی الاول 1445ھ	16-Nov	جمعرات	29 دن
یکم جمادی الثانی 1445ھ	15-Dec	جمعہ	29 دن

نوٹ: حتمی فیصلہ مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان کا ہی ہوگا۔

2024

+92 332 3531226 fb.com/ilmetauqeet

متوقع آغاز اسلامی ماہ	عیسوی تاریخ / دن		مہینے کے متوقع ایام
یکم رجب المرجب 1445ھ	13-Jan	ہفتہ	30 دن
یکم شعبان المعظم 1445ھ	12-Feb	پیر	29 دن
یکم رمضان المبارک 1445ھ	12-Mar	منگل	30 دن
یکم شوال المکرم 1445ھ	11-Apr	جمعرات	29 دن
یکم ذوالقعدہ 1445ھ	10-May	جمعہ	29 دن
یکم ذوالحجہ 1445ھ	08-Jun	ہفتہ	30 دن
یکم محرم الحرام 1446ھ	08-Jul	پیر	30 دن
یکم صفر المظفر 1446ھ	07-Aug	بدھ	30 دن
یکم ربیع الاول 1446ھ	06-Sep	جمعہ☆	29 دن
یکم ربیع الثانی 1446ھ	05-Oct	ہفتہ	30 دن
یکم جمادی الاول 1446ھ	04-Nov	پیر	30 دن
یکم جمادی الثانی 1446ھ	04-Dec	بدھ	29 دن

نوٹ: حتمی فیصلہ مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان کا ہی ہوگا۔

2025

+92 332 3531226   fb.com/ilmetauqeet

متوقع آغاز اسلامی ماہ	عیسوی تاریخ / دن		مہینے کے متوقع ایام
یکم رجب المرجب 1446ھ	02-Jan	جمعرات	29 دن
یکم شعبان المعظم 1446ھ	31-Jan	جمعہ	30 دن
یکم رمضان المبارک 1446ھ	02-Mar	اتوار	29 دن
یکم شوال المکرم 1446ھ	31-Mar	پیر	29 دن
یکم ذوالقعدہ 1446ھ	29-Apr	منگل☆	30 دن
یکم ذوالحجہ 1446ھ	29-May	جمعرات	29 دن
یکم محرم الحرام 1447ھ	27-Jun	جمعہ	30 دن
یکم صفر المظفر 1447ھ	27-Jul	اتوار	30 دن
یکم ربیع الاول 1447ھ	26-Aug	منگل	30 دن
یکم ربیع الثانی 1447ھ	25-Sep	جمعرات	29 دن
یکم جمادی الاول 1447ھ	24-Oct	جمعہ	30 دن
یکم جمادی الثانی 1447ھ	23-Nov	اتوار	29 دن
یکم رجب المرجب 1447ھ	22-Dec	پیر	30 دن

نوٹ: حتمی فیصلہ مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان کا ہی ہوگا۔

2026

+92 332 3531226 fb.com/ilmetauqeet

متوقع آغاز اسلامی ماہ	عیسوی تاریخ / دن		مہینے کے متوقع ایام
یکم شعبان المعظم 1447ھ	21-Jan	بدھ	29 دن
یکم رمضان المبارک 1447ھ	19-Feb	جمعرات	30 دن
یکم شوال المکرم 1447ھ	21-Mar	ہفتہ	29 دن
یکم ذوالقعدہ 1447ھ	19-Apr	اتوار	29 دن
یکم ذوالحجہ 1447ھ	18-May	پیر☆	30 دن
یکم محرم الحرام 1448ھ	17-Jun	بدھ	29 دن
یکم صفر المظفر 1448ھ	16-Jul	جمعرات	30 دن
یکم ربیع الاول 1448ھ	15-Aug	ہفتہ	30 دن
یکم ربیع الثانی 1448ھ	14-Sep	پیر	30 دن
یکم جمادی الاول 1448ھ	14-Oct	بدھ☆	29 دن
یکم جمادی الثانی 1448ھ	12-Nov	جمعرات	29 دن
یکم رجب المرجب 1448ھ	11-Dec	جمعہ	30 دن

نوٹ: حتمی فیصلہ مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان کا ہی ہوگا۔

2027

+92 332 3531226 fb.com/ilmetauqeet

متوقع آغاز اسلامی ماہ	عیسوی تاریخ / دن		مہینے کے متوقع ایام
یکم شعبان المعظم 1448ھ	10-Jan	اتوار	30 دن
یکم رمضان المبارک 1448ھ	09-Feb	منگل	29 دن
یکم شوال المکرم 1448ھ	10-Mar	بدھ	30 دن
یکم ذوالقعدہ 1448ھ	09-Apr	جمعہ	29 دن
یکم ذوالحجہ 1448ھ	08-May	ہفتہ	30 دن
یکم محرم الحرام 1449ھ	07-Jun	پیر	29 دن
یکم صفر المظفر 1449ھ	06-Jul	منگل	30 دن
یکم ربیع الاول 1449ھ	05-Aug	جمعرات	29 دن
یکم ربیع الثانی 1449ھ	03-Sep	جمعہ☆	30 دن
یکم جمادی الاول 1449ھ	03-Oct	اتوار	29 دن
یکم جمادی الثانی 1449ھ	01-Nov	پیر	30 دن
یکم رجب المرجب 1449ھ	01-Dec	بدھ☆	29 دن
یکم شعبان المعظم 1449ھ	30-Dec	جمعرات	30 دن

نوٹ: حتمی فیصلہ مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان کا ہی ہوگا۔

2028

+92 332 3531226 fb.com/ilmetauqeet

متوقع آغاز اسلامی ماہ	عیسوی تاریخ / دن		مہینے کے متوقع ایام
یکم رمضان المبارک 1449ھ	29-Jan	ہفتہ	29 دن
یکم شوال المکرم 1449ھ	27-Feb	اتوار	30 دن
یکم ذوالقعدہ 1449ھ	28-Mar	منگل	30 دن
یکم ذوالحجہ 1449ھ	27-Apr	جمعرات	29 دن
یکم محرم الحرام 1450ھ	26-May	جمعہ	30 دن
یکم صفر المظفر 1450ھ	25-Jun	اتوار	29 دن
یکم ربیع الاول 1450ھ	24-Jul	پیر	30 دن
یکم ربیع الثانی 1450ھ	23-Aug	بدھ	29 دن
یکم جمادی الاول 1450ھ	21-Sep	جمعرات	30 دن
یکم جمادی الثانی 1450ھ	21-Oct	ہفتہ	29 دن
یکم رجب المرجب 1450ھ	19-Nov	اتوار	29 دن
یکم شعبان المعظم 1450ھ	18-Dec	پیر	30 دن

نوٹ: حتمی فیصلہ مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان کا ہی ہوگا۔

2029

+92 332 3531226 fb.com/ilmetauqeet

متوقع آغاز اسلامی ماہ	عیسوی تاریخ / دن		مہینے کے متوقع ایام
یکم رمضان المبارک 1450ھ	17-Jan	بدھ	29 دن
یکم شوال المکرم 1450ھ	15-Feb	جمعرات	30 دن
یکم ذوالقعدہ 1450ھ	17-Mar	ہفتہ	30 دن
یکم ذوالحجہ 1450ھ	16-Apr	پیر	30 دن
یکم محرم الحرام 1451ھ	16-May	بدھ☆	29 دن
یکم صفر المظفر 1451ھ	14-Jun	جمعرات	30 دن
یکم ربیع الاول 1451ھ	14-Jul	ہفتہ	30 دن
یکم ربیع الثانی 1451ھ	13-Aug	پیر	29 دن
یکم جمادی الاول 1451ھ	11-Sep	منگل	29 دن
یکم جمادی الثانی 1451ھ	10-Oct	بدھ	29 دن
یکم رجب المرجب 1451ھ	08-Nov	جمعرات	30 دن
یکم شعبان المعظم 1451ھ	08-Dec	ہفتہ	29 دن

نوٹ: حتمی فیصلہ مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان کا ہی ہوگا۔

2030

+92 332 3531226   fb.com/ilmetauqeet

متوقع آغاز اسلامی ماہ	عیسوی تاریخ / دن		مہینے کے متوقع ایام
یکم رمضان المبارک 1451ھ	06-Jan	اتوار	30 دن
یکم شوال المکرم 1451ھ	05-Feb	منگل☆	29 دن
یکم ذوالقعدہ 1451ھ	06-Mar	بدھ	30 دن
یکم ذوالحجہ 1451ھ	05-Apr	جمعہ	30 دن
یکم محرم الحرام 1452ھ	05-May	اتوار	29 دن
یکم صفرالمظفر 1452ھ	03-Jun	پیر	30 دن
یکم ربیع الاول 1452ھ	03-Jul	بدھ	30 دن
یکم ربیع الثانی 1452ھ	02-Aug	جمعہ	30 دن
یکم جمادی الاول 1452ھ	01-Sep	اتوار	29 دن
یکم جمادی الثانی 1452ھ	30-Sep	پیر	29 دن
یکم رجب المرجب 1452ھ	29-Oct	منگل	29 دن
یکم شعبان المعظم 1452ھ	27-Nov	بدھ	29 دن
یکم رمضان المبارک 1452ھ	26-Dec	جمعرات	30 دن

نوٹ: حتمی فیصلہ مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان کا ہی ہوگا۔

2031

+92 332 3531226 fb.com/ilmetauqeet

متوقع آغاز اسلامی ماہ	عیسوی تاریخ / دن		مہینے کے متوقع ایام
یکم شوال المکرم 1452ھ	25-Jan	ہفتہ	29 دن
یکم ذوالقعدہ 1452ھ	23-Feb	اتوار	30 دن
یکم ذوالحجہ 1452ھ	25-Mar	منگل	30 دن
یکم محرم الحرام 1453ھ	24-Apr	جمعرات	29 دن
یکم صفر المظفر 1453ھ	23-May	جمعہ	30 دن
یکم ربیع الاول 1453ھ	22-Jun	اتوار	30 دن
یکم ربیع الثانی 1453ھ	22-Jul	منگل	30 دن
یکم جمادی الاول 1453ھ	21-Aug	جمعرات	29 دن
یکم جمادی الثانی 1453ھ	19-Sep	جمعہ	30 دن
یکم رجب المرجب 1453ھ	19-Oct	اتوار	29 دن
یکم شعبان المعظم 1453ھ	17-Nov	پیر	29 دن
یکم رمضان المبارک 1453ھ	16-Dec	منگل	30 دن

نوٹ: حتمی فیصلہ مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان کا ہی ہوگا۔

2032

+92 332 3531226 fb.com/ilmetauqeet

متوقع آغاز اسلامی ماہ	عیسوی تاریخ / دن		مہینے کے متوقع ایام
یکم شوال المکرم 1453ھ	15-Jan	جمعرات	29 دن
یکم ذوالقعدہ 1453ھ	13-Feb	جمعہ	29 دن
یکم ذوالحجہ 1453ھ	13-Mar	ہفتہ	30 دن
یکم محرم الحرام 1454ھ	12-Apr	پیر	30 دن
یکم صفر المظفر 1454ھ	12-May	بدھ	29 دن
یکم ربیع الاول 1454ھ	10-Jun	جمعرات	30 دن
یکم ربیع الثانی 1454ھ	10-Jul	ہفتہ	30 دن
یکم جمادی الاول 1454ھ	09-Aug	پیر	30 دن
یکم جمادی الثانی 1454ھ	08-Sep	بدھ	29 دن
یکم رجب المرجب 1454ھ	07-Oct	جمعرات	29 دن
یکم شعبان المعظم 1454ھ	05-Nov	جمعہ	30 دن
یکم رمضان المبارک 1454ھ	05-Dec	اتوار	29 دن

نوٹ: حتمی فیصلہ مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان کا ہی ہوگا۔

2033

+92 332 3531226 fb.com/ilmetauqeet

متوقع آغاز اسلامی ماہ	عیسوی تاریخ / دن		مہینے کے متوقع ایام
یکم شوال المکرم 1454ھ	03-Jan	پیر	30دن
یکم ذوالقعدہ 1454ھ	02-Feb	بدھ	29دن
یکم ذوالحجہ 1454ھ	03-Mar	جمعرات	29دن
یکم محرم الحرام 1455ھ	01-Apr	جمعہ	30دن
یکم صفر المظفر 1455ھ	01-May	اتوار	29دن
یکم ربیع الاول 1455ھ	30-May	پیر	30دن
یکم ربیع الثانی 1455ھ	29-Jun	بدھ	30دن
یکم جمادی الاول 1455ھ	29-Jul	جمعہ	30دن
یکم جمادی الثانی 1455ھ	28-Aug	اتوار	29دن
یکم رجب المرجب 1455ھ	26-Sep	پیر	30دن
یکم شعبان المعظم 1455ھ	26-Oct	بدھ	29دن
یکم رمضان المبارک 1455ھ	24-Nov	جمعرات	30دن
یکم شوال المکرم 1455ھ	24-Dec	ہفتہ	29دن

نوٹ: حتمی فیصلہ مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان کا ہی ہوگا۔

2034

+92 332 3531226   fb.com/ilmetauqeet

متوقع آغاز اسلامی ماہ	عیسوی تاریخ / دن		مہینے کے متوقع ایام
یکم ذوالقعدہ 1455ھ	22-Jan	اتوار	30 دن
یکم ذوالحجہ 1455ھ	21-Feb	منگل	29 دن
یکم محرم الحرام 1456ھ	22-Mar	بدھ	30 دن
یکم صفر المظفر 1456ھ	21-Apr	جمعہ	29 دن
یکم ربیع الاول 1456ھ	20-May	ہفتہ	29 دن
یکم ربیع الثانی 1456ھ	18-Jun	اتوار	30 دن
یکم جمادی الاول 1456ھ	18-Jul	منگل	30 دن
یکم جمادی الثانی 1456ھ	17-Aug	جمعرات	29 دن
یکم رجب المرجب 1456ھ	15-Sep	جمعہ	30 دن
یکم شعبان المعظم 1456ھ	15-Oct	اتوار	29 دن
یکم رمضان المبارک 1456ھ	13-Nov	پیر	30 دن
یکم شوال المکرم 1456ھ	13-Dec	بدھ	30 دن

نوٹ: حتمی فیصلہ مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان کا ہی ہوگا۔

2035

+92 332 3531226   fb.com/ilmetauqeet

متوقع آغاز اسلامی ماہ	عیسوی تاریخ / دن		مہینے کے متوقع ایام
یکم ذوالقعدہ 1456ھ	12-Jan	جمعہ	29 دن
یکم ذوالحجہ 1456ھ	10-Feb	ہفتہ	30 دن
یکم محرم الحرام 1457ھ	12-Mar	پیر	29 دن
یکم صفر المظفر 1457ھ	10-Apr	منگل	30 دن
یکم ربیع الاول 1457ھ	10-May	جمعرات	29 دن
یکم ربیع الثانی 1457ھ	08-Jun	جمعہ	29 دن
یکم جمادی الاول 1457ھ	07-Jul	ہفتہ	30 دن
یکم جمادی الثانی 1457ھ	06-Aug	پیر	29 دن
یکم رجب المرجب 1457ھ	04-Sep	منگل	30 دن
یکم شعبان المعظم 1457ھ	04-Oct	جمعرات	29 دن
یکم رمضان المبارک 1457ھ	02-Nov	جمعہ	30 دن
یکم شوال المکرم 1457ھ	02-Dec	اتوار	30 دن

نوٹ: حتمی فیصلہ مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان کا ہی ہوگا۔

2036

+92 332 3531226 fb.com/ilmetauqeet

متوقع آغاز اسلامی ماہ	عیسوی تاریخ / دن		مہینے کے متوقع ایام
یکم ذوالقعدہ 1457ھ	01-Jan	منگل	29 دن
یکم ذوالحجہ 1457ھ	30-Jan	بدھ	30 دن
یکم محرم الحرام 1458ھ	29-Feb	جمعہ	30 دن
یکم صفر المظفر 1458ھ	30-Mar	اتوار	29 دن
یکم ربیع الاول 1458ھ	28-Apr	پیر	30 دن
یکم ربیع الثانی 1458ھ	28-May	بدھ	29 دن
یکم جمادی الاول 1458ھ	26-Jun	جمعرات	29 دن
یکم جمادی الثانی 1458ھ	25-Jul	جمعہ	30 دن
یکم رجب المرجب 1458ھ	24-Aug	اتوار	29 دن
یکم شعبان المعظم 1458ھ	22-Sep	پیر	29 دن
یکم رمضان المبارک 1458ھ	21-Oct	منگل	30 دن
یکم شوال المکرم 1458ھ	20-Nov	جمعرات	30 دن
یکم ذوالقعدہ 1458ھ	20-Dec	ہفتہ	29 دن

نوٹ: حتمی فیصلہ مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان کا ہی ہوگا۔

2037

+92 332 3531226   fb.com/ilmetauqeet

متوقع آغاز اسلامی ماہ	عیسوی تاریخ / دن		مہینے کے متوقع ایام
یکم ذوالحجہ 1458ھ	18-Jan	اتوار	30دن
یکم محرم الحرام 1459ھ	17-Feb	منگل	30دن
یکم صفر المظفر 1459ھ	19-Mar	جمعرات	30دن
یکم ربیع الاول 1459ھ	18-Apr	ہفتہ	29دن
یکم ربیع الثانی 1459ھ	17-May	اتوار	30دن
یکم جمادی الاول 1459ھ	16-Jun	منگل	29دن
جمادی الثانی 1459ھ	15-Jul	بدھ	29دن
یکم رجب المرجب 1459ھ	13-Aug	جمعرات	30دن
یکم شعبان المعظم 1459ھ	12-Sep	ہفتہ	29دن
یکم رمضان المبارک 1459ھ	11-Oct	اتوار	29دن
یکم شوال المکرم 1459ھ	09-Nov	پیر	30دن
یکم ذوالقعدہ 1459ھ	09-Dec	بدھ	30دن

نوٹ: حتمی فیصلہ مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان کا ہی ہوگا۔

2038

+92 332 3531226 fb.com/ilmetauqeet

متوقع آغاز اسلامی ماہ	عیسوی تاریخ / دن		مہینے کے متوقع ایام
یکم ذوالحجہ 1459ھ	08-Jan	جمعہ	29دن
یکم محرم الحرام 1460ھ	06-Feb	ہفتہ	30دن
یکم صفر المظفر 1460ھ	08-Mar	پیر	30دن
یکم ربیع الاول 1460ھ	07-Apr	بدھ	29دن
یکم ربیع الثانی 1460ھ	06-May	جمعرات☆	30دن
یکم جمادی الاول 1460ھ	05-Jun	ہفتہ	30دن
یکم جمادی الثانی 1460ھ	05-Jul	پیر	29دن
یکم رجب المرجب 1460ھ	03-Aug	منگل	29دن
یکم شعبان المعظم 1460ھ	01-Sep	بدھ	30دن
یکم رمضان المبارک 1460ھ	01-Oct	جمعہ	29دن
یکم شوال المکرم 1460ھ	30-Oct	ہفتہ	29دن
یکم ذوالقعدہ 1460ھ	28-Nov	اتوار	30دن
یکم ذوالحجہ 1460ھ	28-Dec	منگل	30دن

نوٹ: حتمی فیصلہ مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان کا ہی ہوگا۔